## بلوچستان کے مظلوم عوام کے زخموں پر مرہم رکھا جائے، جناب الطاف حسین

## بلوچستان کے وسائل پر بلوچ عوام کا حق تسلیم کیا جائے ہزاروال کے عوام کی خواہشات کے مطابق ہزارہ صوبہ بنایا جائے

## بلوچستان میں پیکیج دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ رویئے تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، بابا حیدرزمان

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر جناب الطاف حسین اور صوبہ ہزارہ کے سربراہ بابا حیدرزمان کے درمیان ٹیلی فونک گفتگو

کراچی۔۔۔۔3مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مظلوم عوام کے زخموں پر مرہم رکھا جائے اور بلوچستان کے وسائل پر بلوچ عوام کا حق تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہزاروال سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے ساتھ ہے اور چاہتی ہے کہ ہزاروال کے عوام کی خواہشات کے مطابق ہزارہ صوبہ بنایا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائس گاہ پر تحریک صوبہ ہزارہ کے سربراہ بابا حیدرزمان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائمخانی محترمہ نسرین جلیل، رابطہ کمٹی کے دیگر ارکان اور تحریک صوبہ ہزارہ کے وفد کے ارکان بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے ہزاروال عوام کے حقوق کی جدوجہد کرنے پر بابا حیدرزمان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بابا حیدرزمان کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور انھیں اپنی زندگی میں صوبہ ہزارہ کا قیام دیکھنا نصیب فرمائے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے پارلیمنٹ میں نہ صرف صوبہ ہزارہ اور سرائیکی صوبے کی قرارداد پیش کی بلکہ ہم ہزاروال عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق صوبہ ہزارہ کے قیام کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔صوبہ ہزارہ کا قیام ایک ایک ہزاروال کے دل کی آواز ہے اور ایم کیوایم آج بھی مطالبہ کرتی ہے کہ ہزارہ کو علیحدہ صوبہ بنایا جائے۔ جناب الطاف حسین نے بلوچستان کی صورتحال کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ آج بلوچستان میں آزادی کے نعرے لگ رہے ہیں جس کا بنیادی سبب بلوچ عوام کو انکے حقوق سے محروم رکھنا ہے۔ ماضی کی حکومتوں نے بلوچستان کے وسائل پر قبضہ کرکے انکے حقوق غصب کئے جس سے بلوچ کے احساس محرومی میں اضافہ ہوا ہے۔وقت کا تقاضہ ہے کہ بلوچ عوام کو غدار کہنے کا عمل بند کیا جائے، انکے زخموں پر مرہم لگایا جائے اور بلوچستان کے وسائل پر بلوچ عوام کا حق تسلیم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اس طرح ہزاروال کے عوام کے حقوق پر بھی قبضہ کیا جارہا ہے جسکے باعث ہزاروال عوام علیحدہ صوبے کا مطالبہ کررہے ہیں۔ارباب اختیار کو چاہئے کہ جتنی جلد ممکن ہوسکے ہزارہ کو صوبے کا درجہ دیا جائے بصورت دیگر ہزاروال کے عوام کچھ اور سوچنے پر مجبور ہوسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب تک ہزاروال کے عوام کو ان کے حق نہیں مل جاتے اور ہزاروال صوبہ نہیں بن جاتا ایم کیوایم مظلوم ہزاروال کے حقوق کیلئے ہرسطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔اس موقع پر بابا حیدرزمان نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ اور ایم کیوایم نے ہزاروال عوام پر جو احسان کیا ہے ہم اُسے ہمیشہ یاد رکھیں گے اور احسان کا بدلہ احسان سے دیں گے، ہزاروال عوام احسان فراموش نہیں ہیں اور ہم دوستی پر اپنی جان تک دے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے اراکین نے پارلیمنٹ میں نہ صرف ہزارے وال اور سرائیکی صوبے سمیت پسے ہوئے طبقات کی آواز اُٹھائی جو ایک بڑا کارنامہ ہے اس کا سہرا آپ اور آپ کی پارٹی کو ضرور ملے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے منتخب ایوانوں میں نئی داغ بیل ڈالی ہے اور اپنا فرض نبھایا ہے جبکہ دوسری جماعتیں اس فرض کی ادائیگی سے محروم رہی ہیں اور ان پارٹیوں کے سیاسی لیڈروں کے ذاتی مفادات کے باعث ملک کے عوام کا اعتماد ان پر سے اٹھ چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیکیج دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ رویئے تبدیل کرنے کی ضرورت ہے آج صوبہ خیبر پختون خواہ میں جو وزیراعلیٰ اور وزراء ہیں انھیں ہزاروال عوام کا احسان مند ہونا چاہئے کیونکہ کانگریس صوبہ سرحد کو بھارت میں شامل کرنا چاہتی تھی اگر صوبہ سرحد، پاکستان کا حصہ نہ بنتا تو یہ وزراء بھارت میں کلرک کی نوکری کررہے ہوتے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے صوبہ ہزارہ کی آواز بلند کرکے اپنا اخلاقی فرض پورا کیا ہے جبکہ یہ جن کا فرض تھا وہ اس سے قاصر رہے، ہم ایم کیوایم کا یہ احسان کبھی نہیں بھولیں گے۔انہوں نے سینیٹ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کے منتخب ہونے پر جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی۔

## عوام وکارکنان تحریک صوبہ ہزارہ کے زیراہتمام کراچی کے باغ جناح میں ہونیوالے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔3، مارچ2012ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ تحریک ہزارہ صوبہ کے زیراہتمام مورخہ 4 مارچ بروز اتوار کو باغ جناح نزد مزار قائداعظم، کراچی میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کا مطالبہ ہزارے وال عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے اور مظلوموں کے اس مطالبے اور جدوجہد میں ایم کیوایم ان کے ساتھ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہزارے وال عوام کے خواہشات اور جذبات کا مکمل احترام کرتی ہے اور ان کے حقوق کی آواز بلند اور حمایت کا سلسلہ ملک کے ایوانوں سمیت ہرسطح پر جاری رکھے گی۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ صوبہ ہزارہ تحریک کے جلسے میں بھرپور شرکت کریں اور اسے کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔

**آفتاب شیر پاؤ کے قافلے پر حملہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، جناب الطاف حسین**

**خودکش حملہ میں جاں بحق ہونیوالے پولیس اہلکار کے اہلخانہ سے تعزیت، آفتاب شیر پاؤ سے انکے صاحبزادے سمیت**

**خیبر پختونخواسمبلی کے رکن محمد علی کے زخمی ہونے پر ہمدردی کا اظہار**

**آفتاب شیر پاؤ کے قافلے پر خودکش بم دھماکہ کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے انہیں عبرتناک سزادی جائے**

لندن:۔۔۔3مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے چارسدہ شبقدر میں پیپلز پارٹی شیر پاؤ گروپ کے سربراہ آفتاب پاؤ کے قافلے پر خودکش بم دھماکہ کے نتیجے میں پولیس اہلکار کے جاں بحق ومتعدد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آفتاب شیر پاؤ کے قافلے پر حملہ بزدلانہ کارروائی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملہ میں جاں بحق ہونیوالے پولیس اہلکار کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور آفتاب شیر پاؤ سے انکے صاحبزادے سکندر شیر پاؤ سمیت خیبر پختونخواسمبلی کے رکن محمد علی کے زخمی ہونے پر دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔انہوں نے جاں بحق ہونیوالے پولیس اہلکار کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آفتاب شیر پاؤ کے قافلے پر خودکش بم دھماکہ کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے انہیں عبرتناک سزادی جائے۔

**تحریک صوبہ ہزارہ کے سربراہ بابا حیدرزمان کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی نائن زیرو رابطہ کمیٹی سے ملاقات**

**وفد کا نائن زیرو پر تپاک استقبال کیا گیا اور پھول نچھاور کئے گئے**

**اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایم کیوایم کی یہ کوشش ہوگی کہ ہزارہ اور سرائیکی صوبوں کے حوالے سے**

**آئینی ترمیم کا بل اور قرارداد منظور ہوجائے، ڈاکٹر فاروق ستار**

**بابا حیدرزمان کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ہمراہ یادگارِ شہدائے حق پر حاضری اور فاتحہ خوانی**

**کراچی کا امن سارے پاکستان کو عزیز ہے، ہزارے وال نے صوبہ سرحد کو پاکستان میں شامل کیا، بابا حیدرزمان**

**نائن زیرو پر ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں کو پریس بریفنگ**

کراچی۔۔۔3،مارچ2012ء

تحریک صوبہ ہزارہ کے سربراہ بابا حیدرزمان کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، محترمہ نسرین جلیل اور رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کی۔اس سے قبل بابا حیدرزمان جب نائن زیرو عزیز آباد پہنچے تو سڑک کے دو اطراف میں کھڑے کارکنان نے ان کا پر تپاک استقبال کیا اور پھول نچھاور کئے اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے بابا حیدرزمان کو نائن زیرو پہنچنے پر گلدستہ پیش کیا اور ان کا خیر مقدم کیا۔ملاقات میں بابا حیدرزمان سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور ان کی اور ان کے تمام رفقاء کی نائن زیرو آمد کا زبردست خیر مقدم کیا۔ملاقات میں ہزارے وال اور سرائیکی صوبہ سمیت ملک کی تمام مظلوم قومیتوں کو حقوق دینے پر اتفاق کیا گیا جبکہ بابا حیدرزمان نے صوبہ ہزارہ تحریک کے تحت کراچی میں ہونے والے جلسہ عام میں ایم کیوایم کو شرکت کی دعوت بھی دی۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں کو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے پریس بریفنگ دیتے ہوئے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں جو قرارداد ہم نے پیش کی اور جنوبی پنجاب اور ہزارہ ڈویژن میں صوبے کے قیام کیلئے آئینی ترمیم کا بل پیش کیا ہے، ایم کیوایم منتخب ایوانوں میں اس بل کیلئے قرارداد کی منظوری کیلئے بھی اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، جو وعدہ وزیراعظم پاکستان نے ہم سے کیا ہے ہم اس وعدے کو یاد دلاتے رہیں گے اور اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایم کیوایم کی یہ کوشش ہوگی کہ آئینی ترمیم کا یہ بل اور قرارداد منظور ہوجائے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ ہزارہ صوبہ کے قیام کیلئے اپنی جدوجہد اور حمایت جاری رکھیں گے، مظلوم ہزارہ وال اور ہزارہ برادری کے سیاسی ، معاشی اور معاشرتی غضب شدہ حقوق کی بحالی کیلئے ان کے احساس محرومی کے خاتمے کیلئے ، ان کے بنیادی حقوق کے حصول تک اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے اور کسی حال میں

بھی اس جدوجہد سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ کل کا جلسہ اور آج آپ کی آمد پورے پاکستان کے مظلوموں کیلئے ایک پیغام اور امید کی کرن بن گئی ہے، یہ پورے ملک میں مظلوموں کو متحرک اور منظّم کرنے کی تحریک ہے، پاکستان کی بقاء وسلامتی، مضبوطی واستحکام اسی بات سے مشروط ہے کہ اب ہزارہ صوبہ اور سرائیکی صوبہ قائم ہونا چاہئے یہ لازم وملزوم ہے، عوام کو ان کے حقوق اب دینا ہوں گے اور حکمرانوں کو عوام کی آواز کو اب سننا ہوگا۔ یہ جلسہ مظلوموں کو منظّم کرے گا اور کراچی میں بھائی کو بھائی سے لڑانے کی سازشوں کا خاتمہ کردیگا۔ تحریک صوبہ ہزارہ کے سربراہ بابا حیدر زمان نے کراچی کے حوالے سے اپنی جماعت اور ہزارے وال عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ کراچی کا امن سارے پاکستان کو عزیز ہے، کراچی کو بنانے میں ہزارے وال کا خون پسینہ شامل ہے، مجھے یقین ہے کہ ہزارے وال نے کراچی کو جس طرح ترقی دی ہے یہی کردار وہ آگے چل کر ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے نائن زیرو پر اپنے والہانہ استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ شاید میں اتنا پیار، اتنی محبت نہ دے سکوں لیکن کوشش کروں گا اور اپنے عزیزوں، بھائیوں اور پارٹی کے لوگوں سے کہوں گا کہ نیکی کا بدلہ نیکی ہوتا ہے، احسان کا بدلہ احسان ہوتا ہے اور عزت کا بدلہ عزت ہوتی ہے۔ میری یہ کوشش ہوگی کہ جس دوستی کا ہاتھ ایم کیوایم نے تحریک صوبہ ہزارہ کی جانب بڑھایا ہے وہ ہاتھ مایوس نہیں ہوگا ہم سے بے وفائی کا شکوہ نہیں ہوگا اور ہم انشاء اللہ وفاداری کا صلہ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات کافی عرصے سے چل رہی تھی کہ ایم کیوایم ایک دہشت گرد تنظیم ہے، یہ قتل وغارتگری میں ملوث ہے، یہ پاکستان کی خیر خواہ نہیں ہے بلکہ یہ سب باتیں بکواس ہیں اور جھوٹ پر مبنی ہیں۔ ایم کیوایم نے ہزارہ، سرائیکی عوام کیلئے پارلیمنٹ میں جس طرح آواز اٹھائی ہے وہ اس بات کی غمازی ہے کہ ایم کیوایم کے حوالے سے تمام پروپیگنڈے منفی ہیں، یہ ایم کیوایم کو بدنام کرنے کیلئے کئے گئے تاکہ لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی کا سلسلہ جاری رکھا جاسکے۔ ایم کیوایم نے پارلیمنٹ میں حق ادا کیا ہے اور باقی دیگر جماعتوں نے کوتاہی کی ہے۔ انہوں نے حکمرانوں سے درخواست کی کہ کہ ملک کو مضبوط اور مستحکم رکھنا ہے تو جہاں جہاں لوگ صوبے مانگتے ہیں ان کو حق دیدیا جائے۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بھی اپیل کی کہ جو مظلوم اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں ان کی میڈیا براہِ راست کوریج کرے۔ بعدازاں بابا حیدر زمان اور ان کے رفقاء کے کوخورشید بیگم میموریل سیکریٹریٹ میں ظہرانہ دیا گیا جس کے بعد بابا حیدر زمان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ہمراہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے شہداء کی یاد میں تعمیر کی گئی یادگار شہدائے حق پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی بھی کی۔

## معروف مصنف لطف اللہ خان کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔3مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف مصنف، محقق اور پاکستان کی واحد آڈیو لائبریری کے مالک لطف اللہ خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ڈومیسٹک لیول پر نوجوان کرکٹرز کی حوصلہ افزائی کر کے انھیں زیادہ سے زیادہ مواقع دیے جائیں۔شاہد خان آفریدی
## ایم کیوایم ملک میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے فروغ کے لیے بھی کوشاں ہے۔فیصل سبزواری
## اے پی ایم ایس او کے تحت جامعہ کراچی میں منعقدہ 10ویں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے مقررین کا خطاب

کراچی:۔۔۔3مارچ،2012ء

دنیائے کرکٹ میں بوم بوم آفریدی کے نام سے جانے والے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ومایہ ناز آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ڈومیسٹک لیول پر بھی نوجوان کرکٹرز کی حوصلہ افزائی ہو اور انھیں زیادہ سے زیادہ مواقع دیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے تحت جامعہ کراچی میں منعقدہ 10ویں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر برائے امورِ نوجوانان سندھ فیصل سبزواری، شیخ الجامعہ ڈاکٹر محمد قیصر، پرووائس چانسلر ز ناصر الدین خان، شاہانہ عروج کاظمی، ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز ڈاکٹر ابوذر رواجدی، اے پی ایم ایس او کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری دال خان، سیکریٹری نشر واشاعت شبیر علی بابر، سیکریٹری فنانس امر قائم خانی، مرکزی رکن احمر فلسطینی، شعبہ اسپورٹس کی انچارج انجم

عزیز، مختلف شعبہ جات کے سربراہان واساتذہ کرام اور طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔ سابق کپتان نے کہا کہ وہ کراچی میں رہتے ہوئے خود کبھی جامعہ کراچی کے طالبعلم نہیں رہے لیکن آج اے پی ایم ایس او نے پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کرکے انھیں یہاں آنے کا موقع فراہم کیا ہے جو ان کے لیے خوشی کی بات ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈھائی سو سے زائد کرکٹ ٹیموں کو ایک پلیٹ فارم پر انتہائی منظم اور شفاف انداز میں کھلانا یقینی طور پر ایک بہت بڑی کاوش ہے جس پر اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران اور ٹورنامنٹ کے منتظمین مبارکباد کے مستحق ہیں۔ قبل ازیں صوبائی وزیر برائے امورِ نوجوانان سندھ سید فیصل سبزواری نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے فروغ کے لیے بھی کوشاں ہے اور اسی سلسلے میں گلستان جوہر بلاک 2 میں بھی ایک اسٹیڈیم کی تعمیر کی گئی ہے جس کا عنقریب افتتاح کر کے کوشش کی جائیں گی کہ ملکی و بین الاقوامی سطح کے کرکٹ کے مقابلے وہاں بھی منعقد کیے جاسکیں۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے اے پی ایم ایس او پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کرتی آرہی ہے اور اب یہ جامعہ کراچی میں اپنی نوعیت کا لازمی اور اہم ایونٹ بن چکا ہے جس میں جامعہ کراچی کے طلبہ وطالبات انتہائی دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ شاہد آفریدی جیسے مایہ ناز قومی اسٹار کو طلبہ وطالبات اور شائقین کرکٹ کے درمیان لانا خوش آئیند قدم ہے جو کہ اے پی ایم ایس او نے پیغامِ امن کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کرکے اٹھایا۔ انھوں نے بین الاقوامی کرکٹ ٹیموں کو مخاطب کرتے ہوئے پیغام دیا کہ پاکستانی قوم امن پسند ہے اور کرکٹ کے دلدادہ ہیں اور چاہتے ہیں کہ پاکستان میں بھی بین الاقوامی کھیلوں کی سرگرمیاں شروع ہوں۔ سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے سینیٹر منتخب ہونے پر ایک سوال کے جواب میں انکا کہنا تھا کہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کا ہر کارکن سید مصطفیٰ کمال کے جیسی صلاحیتیں رکھتا ہے اور انشاء اللہ آئیندہ بلدیاتی انتخابات میں بھی کراچی شہر کی نظامت کا ذمہ کوئی حق پرست ہی اٹھائے گا۔ بعدازاں شاہد خان آفریدی اور فیصل سبزواری نے ٹورنامنٹ کی فاتح شعبہ اکنامکس کی ٹیم کو ونر اور شعبہ پولیٹیکل سائنس کی ٹیم کو رنراپ کی ٹرافی دی اور کھلاڑیوں کو میڈلز تقسیم کیے۔ قبل ازیں ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والے مہمانان کو پھولوں کے تحائف اور اعزازی شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔

## شعبہ اکنامکس نے اے پی ایم ایس او کے تحت منعقدہ دسواں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا

کراچی:۔۔۔3مارچ، 2012ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تحت جامعہ کراچی میں منعقدہ 10واں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل شعبہ اکنامکس نے سخت مقابلے کے بعد 25 رنز سے جیت لیا۔ فائنل میچ میں شعبہ اکنامکس کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا اور مقررہ 6 اوورز میں چار وکٹوں کے نقصان پر 87 رنز بنائے۔ جواب میں شعبہ پولیٹیکل سائنس کی ٹیم مقررہ ہدف تک نہ پہنچ سکی اور پوری ٹیم 62 کے اسکور پر ڈھیر ہوگئی۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ میں طلبہ وطالبات میں خاصا جوش وخروش پایا گیا جبکہ ہر کھلاڑی کی جانب سے چوکے اور چھکے لگانے اور بالرز کی جانب سے وکٹیں لینے پر تماشائی طلبہ وطالبات نے کھل کر داد بھی دی۔ ٹورنامنٹ میں جامعہ کراچی کے مختلف شعبہ جات کی ڈھائی سو سے زائد ٹیموں نے حصہ لیا تھا جبکہ فائنل مرحلے میں ہر جانب جشن کا سماں پایا گیا اور طلباء اپنی ٹیموں کی حوصلہ افزائی کے لیے نعرے بھی لگاتے رہے۔

## ایم کیو ایم میڈیا کی مکمل آزادی پر یقین اور میڈیا پر کسی بھی قسم کا قدغن لگانے کے سخت خلاف ہے،
## ہم ترقی کے سفر میں دیہی علاقوں کو شامل کرتے ہوئے نفرتوں کی سیاست کا خاتمہ چاہتے ہیں، واسع جلیل
## CPNE کے نمائندہ وفد کی نائن زیرو پر اراکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔3مارچ، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے کہا کہ ایم کیو ایم میڈیا کی مکمل آزادی پر یقین رکھتی ہے اور میڈیا پر کسی بھی قسم کا قدغن لگانے کے سخت خلاف ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر CPNE کے سیکریٹری جنرل عامر محمود کی سربراہی میں اخباری مالکان اور ایڈیٹرز کے ایک اعلی سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا وژن بہت واضح ہے کہ وہ جہاں شہری علاقوں کی تعمیر وترقی کی بات کرتے ہیں وہیں وہ دیہی علاقوں کو بھی ترقی کے سفر میں شامل کرنے کا عزم رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ جہاں ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں نے اس حوالہ سے بڑھ چڑھ کر کام کئے ہیں وہیں وہ سندھ کے ان علاقوں میں بھی ترقی چاہتے ہیں جہاں ایک عرصے سے موروثی سیاست دانوں نے ترقی کے عمل کو روکا ہوا ہے، انہوں نے اس حوالے سے سکھر کے جلسے کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ سندھ کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن سے متاثر ہو کر ایم کیو ایم میں بڑی تعداد میں شمولیت اختیار کرر ہے ہیں جو اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ اب

وہ غلامی کی زنجیروں کو توڑنے کا عزم رکھتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم نفرتوں کی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے۔CPNE کے سیکریٹری جنرل عامر محمود نے کراچی میں منعقدہ خواتین کے دنیا کے سب سے بڑے جلسہ کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ جلسہ ملک کی سیاست کا ایک اہم سنگ میل تھا۔وفد نے ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور تنظیمی کاموں کا جائزہ لیا۔وفد میں CPNE کے نائب صدر حامد عابدی،غلام نبی چانڈیو،ڈاکٹر جبار خٹک،زاہدہ عباسی،ناصر داد بلوچ،شیر محمد کھاوڑ،عبدالرحمٰن منگریو اور زنجانی شامل تھے،جبکہ ایم کیوایم کی جانب سے رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے اراکین فیصل سبزواری،امین الحق،متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین، سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین محترمہ ہیر سوھو اور غلام حیدر راہو بھی موجود تھے۔

## پاکستان کے نوجوانوں میں ذہانت اور ٹیلنٹ کی کہیں کوئی کمی نہیں پاکستان میں صرف اور صرف وسائل کی کمی ہے،ڈاکٹر فاروق ستار

## پاکستان کو محمد علی جناحؒ کا پاکستان بنانے کیلئے عام لوگوں کو اسمبلیوں میں بھیج کر ''بدلو پاکستان اور بدلو حکمرانوں'' کے نعرے کو عملی شکل دینی ہوگی

## ترقیاتی منصوبے قائد تحریک الطاف حسین کا لانڈھی کے عوام کیلئے انمول تحفہ ہیں،سید آصف حسنین

## منصوبوں پر سولہ کروڑ روپے لاگت آئی،تمام منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ صرف دو منصوبے تکمیل کے آخر مراحل میں ہیں جو رواں ماہ مکمل ہو جائیں گے

## لانڈھی ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں منتخب حق پرست عوامی نمائندوں کے فنڈز سے تکمیل ہونیوالے منصوبوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوانوں میں ذہانت اور صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں اور اگر ملک کسی چیز کی کمی ہے تو وہ صرف اور صرف وسائل کی،نوجوانوں کو وسائل فراہم کیئے جائیں تو یہ پاکستان کا نام پوری دنیا میں روشن کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو محمد علی جناحؒ کا پاکستان بنانا ہے تو عام لوگوں کو اسمبلیوں میں بھیج کر'' بدلو پاکستان اور بدلو حکمرانوں'' کے نعرے کو عملی شکل دینی ہوگی کیونکہ پاکستان پر گزشتہ 64 سالوں سے چند مقصوص خاندانوں نے قبضہ کر رکھا ہے جو باقی ماندہ پاکستان کی بقاء اور سالمیت کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔اس ملک کو 21 ویں صدی میں لیجانے کیلئے ملک کی مظلوم ومحکوم خواتین کو بااختیار بنانا ہوگا۔ان خیال کا اظہار انہوں نے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سید آصف حسنین اور سید خالد احمد کے خصوصی فنڈز سے لانڈھی ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں مکمل ہونیوالے ترقیاتی منصوبوں کی افتتاحی تقریب کے سلسلے میں منعقدہ بڑے جلسے کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر حق پرست اراکان قومی وصوبائی اسمبلی آصف حسنین،ڈاکٹر ایوب شیخ،سید خالد احمد،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے انچارج واراکین اور ایم کیوایم کے کارکنان کے علاوہ لانڈھی ٹاؤن اور کورنگی ٹاؤن کے عوام خصوصاً بزرگوں،نوجوانوں،،بچوں،خواتین اور ایڈمنسٹر شرقی مختار پلیجو،محترمہ ہما بخاری اور لانڈھی ٹاؤن افسران کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔اس سے قبل ڈاکٹر فاروق ستار نے آصف حسنین،سید خالد احمد اور دیگر کے ہمراہ لانڈھی ٹاؤن یونین کونسل نمبر 10 محمڈن فٹبال گراؤنڈ،A-37 میں عارف حسین شہید اسکول یونٹ 87 لانڈھی ٹاؤن،C-1 لانڈھی ٹاؤن یونٹ 86 میں انگلش میڈیم اسکول،یونٹ 86 میں لانڈھی جیم خانہ،یونٹ 85 میں مریم کالج اور یونٹ 83 میں عارف حسین منیر اسکول کا فتہ کاٹ کر منصوبوں کا افتتاح کیا اور دعا کی۔منصوبوں پر مجموعی طور پر 16 کرڑوں روپے سے زائد لاگت آئی جو حق پرست رکن قومی اسمبلی سید آصف حسنین اور رکن سندھ اسمبلی سید خالد احمد کے فنڈز سے حاصل کی گئی۔جلسے سے اپنے خطاب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ مضبوط و مستحکم پاکستان اور خوشحال عوام قائد تحریک الطاف حسین کا خواب اور وژن ہے،حق پرست نمائندے قائد تحریک الطاف حسین کے وژن پر عمل پیرا ہیں اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے اہلیان لانڈھی کو کھیل اور تعلیم کے میدان میں مکمل ہونیوالے منصوبوں کی مبارک دی۔انہوں نے کہا کہ ملک کی بقاء وسلامتی اور متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے ایم کیوایم کا قیام عمل میں آیا اور آج ملک کے کونے کونے سے نوجوان،بزرگ،مائیں،بہنیں،بیٹیاں قائد تحریک الطاف حسین کے مشن ومقصد کیلئے ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پر متحد ومنظم ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ایک ایک ماں بہن اور بیٹی کو بااختیار بنایا جائے اور ملک میں زرعی اصلاحات کی جائیں،خواتین کیلئے گھر گھر صنعتیں لگائی جائیں،چھوٹے کاشتکاروں کو قرضے فراہم کیئے جائیں،نوجوانوں کو بہتر روزگار اور اچھی تعلیم،اچھی صحت اور کھیل کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ہمارے بچوں میں اتنی ذہنی صلاحیت وقابلیت ہے کہ اگر انہیں وسائل فراہم کیے جائیں تو وہ پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان میں انقلاب برپا کرنے کیلئے اب صرف نعروں اور دعوؤں سے کام نہیں چلے گا بلکہ عملی جدوجہد کرنی ہوگی اور عام لوگوں کو اسمبلیوں میں پہنچانا ہوگا اور جب پورے ملککے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوان اسمبلیوں میں پہنچیں گے تو یہ پاکستان صحیح معنوں میں قائداعظم محمد علی جناحؒ کا پاکستان بنے گا جو قائد تحریک الطاف حسین کا خواب اور وژن بھی ہے۔تقریب

سے آصف حسنین نے کہا کہ یہ منصوبے لانڈھی کے عوام پر احسان نہیں بلکہ انہیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی طرف سے انمول تحفہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست نمائندے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کررہے ہیں اورآئندہ بھی کرتے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ لانڈھی پہلے بھی قائد تحریک الطاف حسین کا قلعہ تھااورآج بھی ہے اورآئندہ بھی یہ الطاف حسین کا قلعہ رہے گا۔آخر میں ڈاکٹر فاروق ستار نے لانڈھی ٹاؤن کی مختلف مختلف سماجی وادبی شخصیات، ماہر تعلیم اساتذہ، پروفیسرز، ڈاکٹرز، انجینئرر، کھلاڑیوں، نعت خواں حضرات اورمعززین میں اعزازی شیلڈ کے تحائف تقسیم کیے۔

## قائد تحریک الطاف حسین چاہتے ہیں کہ اس ملک میں رائج کرپٹ سیاسی کلچر کا خاتمہ ہواور 98 فیصد عوام کی حکمرانی قائم ہو،سیف یارخان
## متحدہ سوشل فورم کے زیراہتمام منعقدہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے افراد کے اعزاز میں عشائیہ سے خطاب

لاہور۔۔۔۔3مارچ2012ء

متحدہ سوشل فورم کے زیراہتمام لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے وافراد کے اعزاز میں عشائیہ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یارخان، افتخار اکبر رندھاوا، ملک کے معروف کالم نگار ودفاعی تجزیہ کار منیر احمد بلوچ، معروف صحافی ذوالفقارراحت، ایڈمرل (ر) نشاط رفیع، میاں عتیق ، ایم کیوایم سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے اراکین سید شاہین انور گیلانی، طاہرہ آصف، صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے جوائنٹ انچارج شبیر احمد قائم خانی، رکن زاہد قریشی، لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر، لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج ارشادالحق، کرنل ایس کے ٹریسلر سمیت وکلاء اور بزنس کمیونٹی کے افراد نے خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جس میں تمام قومیتیوں سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین چاہتے ہیں کہ اس ملک میں رائج کرپٹ سیاسی کلچر کا خاتمہ اور 98 فیصد عوام کی حکمرانی قائم ہواورایم کیوایم اپنے قائد کے فکروفلسفے کے مطابق عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ لاہور میں ہونے والا خواتین کا جلسہ یہ ثابت کردیگا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے بدولت ہی اس ملک کی ماؤں بہنوں بیٹیوں میں سیاسی پختگی اورشعور اجاگر ہوا ہے۔دریں اثناء متحدہ سوشل فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ، جوائنٹ انچارجز عدنان انیس، ہمایوں یسین ملک اور سرفراز وٹو نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

## جناب الطاف حسین مظلوم عوام کووہ مقام دلانا چاہتے ہے اورایسانظام لانا چاہتے ہیں،
## جس سے معاشرے میں ہرشخص عزت کا ساتھ جیئے،حق پرست وفاقی وزیرمملکت ندیم احسان

حیدرآباد۔۔۔03مارچ2012

حق پرست وفاقی وزیرمملکت ندیم احسان نے کہاہے کہ ایم کیوایم ملک میں بسنے والے تمام شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام کی خوشحالی اور بنیادی ضرورتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حق پرست قیادت کوشش کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے ایکسپوسینٹر میں منعقدہ ہونے والی ضروریات زندگی کی اشیاء کی نمائش کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ نمائش میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی واراکین زونل کمیٹی،حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین،سیکٹر کے ذمہ داران،تاجر برادری کے علاوہ عوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔انہوں نے مذید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا وژن مظلوم عوام کے مسائل حل کرنے اوران کوضروریات زندگی کی تمام سہولیات اور اشیاء کی فراہمی کوآسان بنانا ہے اورحق پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مشن ومقصد پورا کرنے میں ہرممکن کوشش کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جنا ب الطاف حسین مظلوم عوام کووہ مقام دلانا چاہتے ہے اورایسانظام لانا چاہتے ہیں جس سے معاشرے میں ہرشخص عزت کا ساتھ جیئے انہوں نے کہا کہ حیدرآباد شہر قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والوں کا شہر ہے ان کے مسائل حل کرنا اورزندگی کے تمام شعبوں میں انکی مدد کرنا حق پرست نمائندوں کی اولین ذمہ داری ہے۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین اس ملک کے نوجوانوں کوکھیل کے میدان میں وہ کامیابی دلانا چاہتے ہیں جس سے دنیا بھرمیں پاکستان کانام روشن کرسکے،حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین

حیدرآباد۔۔۔03مارچ2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے کہاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ کھیلوں کے فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہرممکن کوشش کی ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین اس ملک کے نوجوانوں کوکھیل کے میدان میں وہ کامیابی دلانا چاہتے ہیں جس سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کرسکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گڈلک کرکٹ کلب کے زیراہتمام لطیف آباد نمبر 4 میں منعقد ہونے والے امین راجپوت شہید کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں تقسیم انعامات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس تقریب میں حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی،گڈلک کرکٹ کلب کے ذمہ داران کے علاوہ علاقے کی عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ حق پرست قیادت کی کوشش ہے کہ اسطرح کے ٹورنامنٹ کے ذریعے نوجوانوں میں خوداعتمادی پیدا ہوگی جس سے آنے والے وقت میں یہ نوجوان کھیل کے میدان میں ملک کا وقات بلند کرینگے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست اراکین اسمبلی نے ملک کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہرطرح کی کاوشیں کررہے ہیں۔بعدازیں اس تقریب میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی ودیگر نے خطاب کیا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی پورے ملک کے مظلوم عوام کوانکے جائزحقوق دلوانے کے حصول کیلئے مشعل راہ ہے،ایم کیوایم حیدرآباد

حیدرآباد۔۔۔03مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے کہاہے کہ سینٹ الیکشن میں متحدہ قومی موومنٹ کے سینٹرز منتخب ہونا قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریہ کی کامیابی کی سچی دلیل ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں قائدتحریک الطاف حسین اورحق پرست عوام کوسینٹ الیکشن میں متحدہ قومی موومنٹ کے سینٹرز کے منتخب ہونے پرمبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کی تعمیروترقی اوراستحکام اورعوام کی خوشحالی کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اورمتحدہ قومی موومنٹ نے اس ملک کے 98%فیصدغریب متوسط طبقے کے مظلوم عوام کی تقدیر بدلنے کیلئے ان ہی میں سے اعلیٰ تعلیم یافتہ باشعور،ایماندار،باصلاحیت نوجوانوں کوعوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار کرکے ملک کے ایوانوں میں بھیج کرثابت کردیا ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کے وہ واحدلیڈراورایم کیوایم ملک کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جوملک میں غریب ومظلوم عوام کے حکمرانی قائم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پورے ملک کی مظلوم عوام کے شعور کو بیدار کرنے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین جیسے لیڈر کی اشد ضرورت ہےاورقائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی پورے ملک کے مظلوم عوام کوانکے جائزحقوق دلوانے کے حصول کیلئے مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کھوکھلےنعروں کی سیاست پریقین نہیں رکھتی اورنہ ہی دیگرسیاسی ومذہبی جماعتوں کی طرح اسکےقول وفعل میں تضاد ہے بلکہ ایم کیوایم کے نظریہ اورہرنعرے کوآج ملک کی دیگر سیاسی جماعتیں اپنارہی ہیں اورایم کیوایم نے اپنے ہرنعرے اوردعوے کوعملی جامہ پہنایاہےاوریہی وجہ ہے کہ آج ملک بھر کے ۹۸ فیصدغریب ومظلوم عوام ایم کیوایم اوراسکے قائدجناب الطاف حسین کواپنانجات دہندہ تصور کرتے ہیں جبکہ ایم کیوایم نے ہرطرح کے حالات کا سامنا کیامگرکبھی بھی اپنے عوام کوتنہانہیں چھوڑااورنہ ہی اقتدارمیں آکر وہ اپنے عوام کوبھول سکتی ہےانہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد کے خلاف مخالف قوتوں کی جانب سے ہمیشہ سازشوں کا سلسلہ جاری رہاہےاورہمیں سازشی عناصر کے کسی بھی گھناؤنے ہتھکنڈے سے خوفزدہ ہوئے بغیرتمام سازشوں کا پامردی کےساتھ مقابلہ کرنا ہوگا تب ہی ہم ملک وقوم کوترقی کی جانب گامزن کرسکتے ہیں۔

## ایم کیوایم معاشی ہمواریوں کے خاتمے کیلئے اپنامثبت کرداراداکررہی ہے،ایم کیوایم سکھر سکھر یوسی 12 میں یونٹ آفس کاافتتاح کےموقع پرمیڈیا سے گفتگو

سکھر:۔۔۔3مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ زون کے انچارج محمدقطب الدین واراکین نے کہاہے کہ ایم کیوایم معاشی ہمواریوں کے خاتمے کیلئے اپنامثبت کرداراداکررہی ہےاورقائدتحریک جناب الطا ف حسین بھائی کےفکروفلسفے نےحقیقت پسندی وعملیت پسندی کے ذریعےلوگوں میں شعور بیدار کیا ہےان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 12 میں یونٹ آفس کاافتتاح کے موقع پرمیڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ تمام ذمہ داران وکارکنان پرذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق اپنی کردارسا

زی کریں اورتحریکی لٹریچر کا مطالعہ کریں انہوں نے مزید کہا کہ آج تحریک میں ہر زبان رنگ ونسل اور مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود ہیں اب وہ دن دور نہیں جب مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کو ظلم و جبر کے نظام سے نجات دلانے میں کامیاب ہوں گے بعدازاں قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کی عمر درازیِ عمر کیلئے دعا کررہے ہیں۔

## ملک میں کوئی جماعت تبدیلی لاسکتی ہے تو وہ صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے، ایم کیوایم میرپورخاص سینٹرز کی فتح پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سمیت تمام ذمہ داران وکارکنان کو مبارک باد

میرپورخاص:۔۔۔۔۔3مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے جوائنٹ انچارجز محمد عارف اور محمد خالد مجید نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین نے سینٹرز کی فتح کو جاگیردارانہ، وڈیرانہ، اور سرمایہ دارانہ سسٹم کے ساتھ ساتھ کرپٹ موروثی سیاست کے خاتمہ کا آغاز قرار دے دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرز کی فتح پر قائد تحریک الطاف حسین سمیت تمام ذمہ داران وکارکنان کو مبارک باد دیتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم نے ایک مرتبہ پھر یہ بات ثابت کردی ہے کہ اگر ملک میں کوئی جماعت تبدیلی لاسکتی ہے تو وہ صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے کیونکہ ایم کیوایم کے کسی بھی عوامی نمائندے یا سینٹرز نے کبھی بھی ایک پیسہ خرچ کر کے الیکشن نہیں جیتا جبکہ کرپٹ موروثی سیاست کرنے والوں نے کروڑوں روپے کی ہارس ٹریڈنگ کی اور جو لوگ الیکشن جیتنے میں کروڑوں روپے خرچ کریں گے تو پھر اربوں روپے وصول کرنے کے لیئے ملکی وسائل کو بے دردی سے لوٹیں گے۔اب ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام ان مکروہ چہروں کو پہچانیں اوران عوام دشمن عناصر کو مسترد کر کے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ایماندار اور محنتی نوجوانوں کو ایوانوں میں پہنچانے کا عہد کریں۔

## غریب اور متوسط طبقے کی حکمرانی کا حقیقی انقلاب متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے ہی لایا جاسکتا ہے، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون ٹنڈوالہ یار میں A-3 کے یونٹ آفس کے افتتاح کے موقع پر کارکنان سے گفتگو

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔3مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے انچارج سید محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ غریب اور متوسط طبقے کی حکمرانی کا حقیقی انقلاب متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے ہی لایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونٹ A-3 کے یونٹ آفس کے افتتاح کے موقع پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم، ثاقب احمد خانزادہ، امجد حسین جاگیرانی اور ارسلان خانزادہ بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے باصلاحیت افراد کو ایوانوں میں بھیج کر اس حقیقت کا ثبوت پیش کیا کہ پاکستان صرف وڈیروں، جاگیرداروں اور چند خاندانوں کی ملکیت نہیں ہے۔ بلکہ ملک میں بسنے والا ہر شہری اسمبلیوں کا رکن بن کر عوام کی خدمت کا فریضہ سرانجام دے سکتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ محروم اور مظلوم طبقات کو اپنے مسائل کے حل کے لئے خود آگے آکر جدوجہد کرنی ہوگی۔اٹھانوے فیصد غریب اور متوسط طبقے کی عوام معجزات کا انتظار کرنے کے بجائے متحد ومنظم ہو کر اپنی تقدیروں کا فیصلہ اپنے ہاتھوں سے کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ آنے والی نسلوں کو ایک روشن اور خوشحال مستقبل میسر آسکے۔

☆☆☆☆☆